ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((470

01.10.25

**بہاول پور(            )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی جانب سے ایس ڈی پی او آفس سرکل احمد پور شرقیہ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں اہل علاقہ کی بڑی تعداد کو سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو شہریوں کے مسائل بروقت حل کرنے کے احکامات جاری کیے، کھلی کچہری کا مقصد بلا تاخیر شہریوں کے مسائل کو میرٹ پر حل کرنا اور گھر کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے،ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیل کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن اوپن ڈور پالیسی اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او محمد حسن اقبال نے ایس ڈی پی او آفس احمد پور شرقیہ میں کھلی کچہری لگائی، جس میں اہل علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ ڈی پی او کے ہمراہ ایس ڈی پی او سرکل احمد پور شرقیہ ، ایس ایچ اوز، میڈیا نمائندگان و دیگر معزز شخصیات نے بھی شرکت کی۔ ڈی پی او محمد حسن اقبال نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے۔ ڈی پی او نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ تھانوں میں کھلی کچہری کا انعقاد ہماری اولین ترجیح ہے تاکہ شہریوں کے مسائل سن کر ان کی دہلیز پر بروقت دادرسی کی جاسکے۔ ڈی پی او نے دوران کھلی کچہری افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ میرٹ کو مقدم رکھتے ہوئے شہریوں کے مسائل تھانہ کی سطح پر ہی حل کیے جائیں جو کہ ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام اور پولیس کے مابین فاصلے مٹانا ہے۔ ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے ساتھ بہتر رویہ اپنائیں۔ عوام کی خدمت اور ان کے جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ جبکہ شہریوں کا کہنا تھا کہ ہم بہت مطمئن ہیں کہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر خود ہمارے مسائل کے حل کے لئے تشریف لائے اور مسائل کو فوری حل کرنے کے متعلق افسران کو حکم جاری کئے۔ ڈی پی او بہاولپور کے اس احسن اقدام سے انصاف کا بول بالا ہو رہا ہے۔ آخر میں ڈی پی او محمد حسن اقبال نے شہریوں کی شرکت پر بھی ان کا شکریہ ادا کیا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال ایس ڈی پی او آفس احمد پور شرقیہ میں کھلی کچہری کے موقع پر شہریوں کے مسائل دریافت کر رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (471)

01.10.25

بہاولپور(         )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے ماہ ستمبر 2025 کی کارکردگی رپورٹ جاری کردی۔ ضلع بھر میں 2507 مقدمات درج رجسٹر ہوئے۔ 3556 ملوث ملزمان میں سے 1427 ملزمان گرفتار کرکے چالان عدالت کئے جاچکے ہیں جبکہ 178 مقدمات جھوٹے ہونے کی بناء پر خارج کئے ہوئے۔ قتل کے 09 جبکہ اقدام قتل کے 14 مقدمات درج رجسٹرڈ ہوئے۔ اغواء کے 42 مقدمات درج رجسٹر کئے گئے۔ جن میں سے 23 مقدمات خارج ہوچکے ہیں، ملوث ملزمان میں سے 14 ملزمان گرفتار ہوئے۔ ریپ کے 14 مقدمات درج رجسٹر کئے گئے اور ملوث ملزمان میں سے 07 ملزمان گرفتار کرکے چالان عدالت کئے گئے۔ ڈکیتی، سرقہ بالجبر کے 45 مقدمہ درج ہوئے جو کہ زیر تفتیش ہیں۔ ناجائز اسلحہ کے خلاف کریک ڈاون کرتے ہوئے بہاول پور پولیس نے گزشتہ ماہ میں 75 مقدمات درج رجسٹر کرکے ملوث 75 ملزمان کو گرفتار کرکے اُن کے قبضہ سے 03 رائفل، 03 رپیٹر، 05 ریوالور، 01 کاربین، 03 بندوق، 59 پسٹل اور 238 گولیاں اسلحہ ناجائز برآمد کیا۔ منشیات فروشوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے 162 مقدمات درج رجسٹر کئے اور 162 ملزمان کو گرفتار کرکے اُن کے قبضہ سے 85 کلو 175 گرام چرس، ہیروئن 03 کلو 230 گرام، کرسٹل آئس 02 کلو 816 گرام، تقریباً 02 من کے قریب بھنگ، 2432 لیٹر شراب، 530 لیٹر لہن اور 04 چالو بھٹیاں قبضہ پولیس میں لی گئیں۔ جوئے کے خلاف 06 مقدمات درج رجسٹر ہوئے اور 25 ملوث ملزمان میں سے 23 ملزمان گرفتار کئے۔ نیشنل ایکشن پلان پر عمل درآمد کرتے ہوئے لاوڈ اسپیکر کی خلاف ورزی کرنے پر 14 مقدمات درج کیے گئے جن میں ملوث 14 ملزمان میں سے 14 ملزمان کو گرفتار کرکے پیش عدالت کیا جاچکا ہے۔ ای گیجٹ ایپ کے ذریعے چوری اور چھینے گئے 78 موبائل فونز ریکور کرکے اصل مالکان کے حوالے کئے گئے۔ مجرمان اشتہاریوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے A کیٹگری کے 33 مجرمان اشتہاری اور B کیٹگری کے 129 مجرمان اشتہاری سمیت کل 162 مجرمان اشتہاریوں کو گرفتار کیا گیا۔ اسی طرح عدالتی مفروران کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے 50 عدالتی مفروران کی گرفتاری عمل میں لائی گئی۔ سماج دشمن عناصر کے خلاف مزید کارروائیاں جاری ہیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس




بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے ماہ ستمبر 2025 کی کارکردگی رپورٹ جاری کردی

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((472

01.10.25

**بہاول پور(           )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی ہدایات کی روشنی میں تھانہ قائم پور پولیس کی کامیاب کارروائی، چوری وڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں ملوث پٹھان گینگ کا سرغنہ ساتھیوں سمیت گرفتار، گرفتار ملزمان سے لاکھوں روپے مالیتی چوری شدہ موٹر سائیکل، مال مویشی، گھریلو سامان ونقدرقم برآمد۔ عوام الناس کو لوٹنے والے کسی رعائت کے مستحق نہیں، جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رہے گا، ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن جرائم سے پاک پنجاب اور آئی جی پنجاب کے احکامات ،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی ہدایات کی روشنی میں تھانہ قائم پور پولیس نے دن رات محنت سے خفیہ معلومات، انٹیلی جنس ذرائع، ہیومن ریسورسز، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور موثر حکمت عملی سے اسپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر چوری وڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں ملوث 03 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے09عدد موٹر سائیکل،28عدد سولر پلیٹس،01عدد انورٹر،06عدد موبائل فونز، مال مویشی، گھریلو سامان اور تقریباً2لاکھ روپے40ہزار روپے نقدرقم برآمد کی گئی۔ گرفتار ملزمان سے مزید انٹیروگیشن جاری ہے، جلد ان کے باقی ساتھیوں کو بھی گرفتار کرلیا جائے گا۔ برآمد شدہ موٹر سائیکلز، مال مویشی، دیگر سامان ونقدرقم ضروری کارروائی کے بعد اصل مالکان کے حوالے کی جارہی ہے۔ علاقہ مکینوں نے ملزمان کی گرفتاریوں پر ایس ڈی پی او سرکل حاصلپور اور تھانہ قائم پور پولیس کا شکریہ ادا کیا۔ ڈی پی او بہاولپور محمد حسن اقبال نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ جرائم پیشہ افراد کسی رعایت کے مستحق نہیں، ایسے جرائم پیشہ عناصر کو قانون کے مطابق منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا۔ اس کامیاب کارروائی پر ڈی پی او نے تھانہ قائم پور پولیس کو شاباش دی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کے احکامات، تھانہ قائم پور پولیس کی کامیاب کارروائی، چوری وڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں ملوث 03ملزمان گرفتار، لاکھوں روپے مالیتی چوری شدہ سامان برآمد